**NO.SOR(LG)38-7/2015**
**GOVERNMENT OF THE PUNJAB**
**LOCAL GOVT. & COMMUNITY DEVELOPMENT DEPARTMENT**

Dated Lahore, the 7th January, 2016

To

All Administrators Union Councils
in the Punjab.

Subject: **ADOPTION OF UNION COUNCILS NIKAH/MARRIAGE REGISTRATION [MODEL] BYELAWS, 2016**

The undersigned is directed to refer to the subject and to enclose herewith Union Councils Nikah/Marriage Registration [Model] Byelaws, 2016, duly approved by the Competent Authority to facilitate the general public for registration of Nikah and Marriages in the Union Councils.

2. It is requested to circulate these model Byelaws in all Union Councils under your respective jurisdiction for adoption and strict compliance with immediate effect under intimation to this Department.

**(Shabbir Ahmad Mughal)**
Section Officer (Regulations)

**No. & Date Even:**

A copy is forwarded for information and necessary action to:

1. The Secretary, Government of the Punjab Human Rights & Minorities Affairs Departments.
2. The Director General, LG&CD Department.
3. The Director, Local Government Training Academy, Lalamusa.
4. All District Coordination Officers in the Punjab.
5. All District Officers (Community Organizations) in the Punjab.

**(Shabbir Ahmad Mughal)**
Section Officer (Regulations)

# یونین کونسلز نکاح/ شادی رجسٹریشن

# (ماڈل) بائی لاز، 2016

# نوٹیفکیشن

نمبرونام یونین کونسل-------------------- تحصیل/ٹاؤن-------------------- ضلع--------------------

میں مسمی--------------------------------------بطور ایڈمنسٹریٹر، بفراہمی اختیارات زیر دفعہ 192 پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 شیڈول پنجم کے حصہ دوئم اور زیر دفعہ (d)76 اور 179-A کے تحت اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے درج ذیل نکاح/شادی رجسٹریشن کے بائی لاز منظور کرتا ہوں۔

## 1- نام، اطلاق اور آغاز نفاذ۔

i- ان بائی لاز کو یونین کونسل------------- تحصیل/ ٹاؤن------------------------ ضلع------------------کے نکاح/شادی رجسٹریشن بائی لاز، 2016 کہا جائے گا۔

ii- ان بائی لاز کا اطلاق یونین کونسل---------------------پر ہوگا۔

iii- ان بائی لاز کا نفاذ مورخہ--------------------سے ہوگا۔

## 2- تعریفات۔

سیاق وسباق اور نفس مضمون کی شرط کے ساتھ مندرجہ ذیل الفاظ کے وہی معنی لئے جائیں گے جیسا ذیل میں درج ہیں:

(i) **نکاح رجسٹرار** سے مراد ایسا فرد جس کو پنجاب مسلم فیملی لاز آرڈیننس 1961 کے تحت یونین کونسل سے نکاح رجسٹریشن کا لائسنس حاصل ہوگا۔

(ii) **بااختیار فرد** سے مراد ایسا فرد جس کو محکمہ انسانی حقوق واقلیتی امور نے غیر مسلم افراد کی شادی متعلقہ یونین کونسل میں درج کروانے کا اختیار دیا ہو۔

(iii) **ناظم یا ایڈمنسٹریٹر** سے مراد متعلقہ یونین کونسل کا ناظم یا ایڈمنسٹریٹر ہے اور اس کا مطلب وہی ہے جو پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 کے تحت بیان کیا گیا ہے۔

(iv) **یونین کونسل** سے مراد ایسا مقامی ایریا ہے جسکی تعریف پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2001 میں کی گئی ہے۔

07/01/16

## 3- مسلم افراد کے نکاح کی رجسٹریشن کا طریقہ کار۔

(i) نکاح رجسٹرار کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ متعلقہ یونین کونسل سے حاصل کردہ نکاح رجسٹر فارم کے مطابق نکاح کروائے۔

(ii) نکاح رجسٹرار ہر نکاح کا اندراج یونین کونسل میں عرصہ 30 یوم میں کروانے کا پابند ہوگا۔

(iii) بائی لا نمبر (ii) کی خلاف ورزی کی صورت میں ناظم/ایڈمنسٹریٹر کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ نکاح رجسٹرار کا لائسنس منسوخ کردے۔

(iv) نکاح نامہ فارم میں کسی بھی غلط اندراج کا ذمہ دار نکاح رجسٹرار ہوگا۔

(v) یونین کونسل میں نکاح کے اندراج کے بعد نکاح نامہ کے مندرجات میں کسی قسم کی تبدیلی یا درستگی کے لئے عدالت سے رجوع کرنا ہوگا۔

## 4- غیر مسلم افراد کی شادی کی رجسٹریشن کا طریقہ کار۔

(i) صرف محکمہ انسانی حقوق واقلیتی امور حکومت پنجاب کا بااختیار فرد ہی یونین کونسل میں غیر مسلم کی شادی کا اندراج کروانے کا مجاز ہوگا۔

(ii) بااختیار فرد غیر مسلم کی شادی کا اندراج متعلقہ یونین کونسل میں عرصہ 30 یوم میں کروانے کا پابند ہوگا۔

(iii) یونین کونسل میں شادی کے اندراج کے بعد شادی کے مندرجات میں کسی قسم کی تبدیلی یا درستگی کے لئے عدالت سے رجوع کرنا ہوگا۔

(iv) بائی لا (ii) کی خلاف ورزی کی صورت میں محکمہ انسانی حقوق واقلیتی امور حکومت پنجاب، بااختیار فرد کا لائسنس بغیر وجہ بتائے فوری طور پر منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا۔ ناظم / ایڈمنسٹریٹر اس ضمن میں محکمہ انسانی حقوق واقلیتی امور حکومت پنجاب کو بروقت مطلع کریں گے۔

(v) شادی کے مندرجات میں کسی قسم کے غلط اندراج کا ذمہ دار بااختیار فرد ہوگا۔

07/01/2016